# 26-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ بھارت نے آج تاریخ بنادی جبکہ انڈین ایرفورس کے گروپ کیپٹن شو بھانشو شکلا کے بشمول اگزیوم فور کا عملہ آج شام انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن پہنچ گیا۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ میں منشیات کے خلاف بیداری مہم چلائی جارہی ہے۔

۳۔ حیدرآباد اور سکندرآباد میں ایک ماہ طویل بونالو تقاریب کا آج آغاز عمل میں آیا۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ پانچ دن تک ریاست میں چند مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

EX-SERVICEMENT - TRAINING

سابق فوجیوں، ویرناریوں اور مسلح افواج پر منحصر لوگوں کو ڈیجیٹل اور کاروباری اعتبار سے بااختیار بنانے کے لئے آرمی ویلفیر پلیس منٹ آرگنائزیشن ریجنل آفس تلنگانہ و آندھراپردیش نے آج سکندرآباد میں ایک بیداری پروگرام کم ٹریننگ سیشن منعقد کیا۔ اس پروگرام کا اہتمام سی ایس سی ای۔ گورننس سرویس انڈیا لمیٹڈ نے الکٹرانک اور انفارمیشن تکنالوجی کی وزارت کے تحت کیا۔ اِس پروگرام میں سابق فوجیوں اور ان پر منحصر افراد کو قصبوں اور دیہاتوں میں کامن سرویس سنٹر انٹر پریونر بننے کیلئے انہیں ٹریننگ دی گئی۔ اس پروگرام میں 300 سابق فوجیوں نے شرکت کی جن میں 12 ویرناریاں بھی شامل تھیں۔

BONALU

ریاست میں تہواروں کا سیزن آج شروع ہوگیا جبکہ آشاڈ ابونالو تقاریب کا حیدرآباد میں رنگارنگ آغاز عمل میں آیا۔ تاریخی گولکنڈہ قلعہ کے قریب جگدمبا کا مندر میں روایتی رسوم کے ساتھ تقاریب کا آغاز ہوا۔ حکومت کی طرف سے اسپیکر گڈم پرسادکمار اور ریاستی وزرا کونڈا سریکھا اور پونم پربھاکر نے دیوی کو ریشمی لباس اور پہلے بونم کا نذرانہ پیش کیا۔ تقاریب میں بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا، رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر، میئر گدوال وجے لکشمی اور کئی عوامی نمائندوں اور کثیر تعداد عقیدتمندوں نے شرکت کی۔ روایتی لباس زیب تن کئے ہوئے خواتین اپنے سروں پر

سجے ہوئے بونم کے گھڑے اٹھائے ہوئے تھیں۔انہوں نے روایتی رسومات میں شرکت کیں۔آئندہ ایک مہینہ تک حیدرآباد اور سکندرآباد کے مختلف علاقوں میں بونالو تقاریب منعقد ہوں گیں۔ریاستی حکومت نے اس تہوار کے پرامن انعقاد کیلئے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔تقاریب کے دوران ثقافتی پروگرام بھی منعقد کئے جائیں گے۔مختلف محکمے سیکورٹی اور صفائی پر خاص توجہ دے رہے ہیں۔حکومت نے تین ہزار سے زائد مندروں میں بونالو تقاریب کیلئے 20 کروڑ روپے منظور کئے ہیں۔

## GHMC - SPECIAL DRIVE

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن نے حیدرآباد کو گداگروں سے پاک کرنے کیلئے خصوصی مہم شروع کی ہے۔گداگروں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں شیلٹر ہومس کو منتقل کیا جارہا ہے یا انہیں ان کے ارکانِ خاندان کے حوالہ کیا جارہا ہے۔جی ایچ ایم سی کے کمشنر نے اِس خصوصی مہم کیلئے ہدایات جاری کی ہیں کیونکہ ریاستی دارالحکومت نے کئی اہم چوراہوں پر گداگروں سے عوام کو مشکلات پیش آرہی ہیں۔گزشتہ دو سے تین دن کے دوران 221 افراد کی نشاندہی کی گئی۔ان میں 11 بچے اور 37 خواتین شامل ہیں۔ان تمام کو جی ایچ ایم سی کی جانب سے چلائے جارہے شیلٹر ہومس کو منتقل کیا گیا ہے۔

## BRS - JURALA

بی آر ایس نے الزام لگایا ہے کہ جورالا پراجکٹ کے گیٹ نمبر 9 پر رسی کا ٹوٹ جانا حکومت کی لاپرواہی کا واضح ثبوت ہے۔پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پوسٹ میں الزام لگایا کہ حکومت موجودہ پراجکٹ کا نظم چلانے کے موقف میں نہیں ہے اور اس نے جورالا پراجکٹ کو خطرہ میں ڈال دیا ہے۔انہوں نے حکومت سے کہا کہ وہ نشیبی علاقوں کے عوام کو فوری چوکس کرے اور بالائی علاقوں سے پانی کے بڑھتے ہوئے بہاؤ پر مسلسل نظر رکھتے ہوئے احتیاطی اقدامات کرے۔انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت نے جورالا میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ پر توجہ نہیں دی۔

## HOME MINISTER

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ اِس مہینہ کی 29 تاریخ کو نظام آباد میں ہلدی کے قومی بورڈ کا افتتاح کریں گے اور کسانوں کی ریالی سے خطاب کریں گے۔ بی جے پی کے ریاستی صدر اور مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے آج نظام آباد میں میڈیا کو یہ بات بتائی۔ انہوں نے کسانوں سے کہا کہ وہ بورڈ کیلئے ایک مربوط ایکشن پلان تیار کریں تاکہ تمام کسانوں کو فائدہ ہو۔ کشن ریڈی نے کہا کہ بورڈ کا ہیڈ کوارٹر نظام آباد میں ہوگا۔ انہوں نے تیقن دیا کہ مرکزی حکومت ہلدی کے معیار میں اضافہ کیلئے اقدامات کرے گی اور اس کے علاوہ ہلدی کے کسانوں کو نفع بخش قیمتوں کی ادائیگی یقینی بنائے گی۔ ان اقدامات سے روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس سے قبل کشن ریڈی نے سمویدھان ہتیا دیوس کے حصہ کے طور پر ایمرجنسی کے دوران پیش آئے واقعات سے متعلق ایک نمائش کا افتتاح کیا۔

## WEATHER

دفتر موسمیات نے آئندہ پانچ دنوں کیلئے کئی اضلاع میں اِکا دُکا مقامات پر اوسط تا شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ ان اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ کئی اضلاع میں چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ شمال مغربی خلیج بنگال پر ہوا کا کم دباؤ بنا ہوا ہے۔ محکمہ موسمیات نے 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی پیش قیاسی کی ہے۔

## AADHAR

حکومت نے انسٹیٹیوٹ آف بینکنگ پرسونل سلیکشن کی جانب سے منعقد کئے جانے والے امتحانات میں امیدواروں کی تصدیق کیلئے آدھار کے استعمال کی اجازت دے دی ہے۔ وزارتِ فینانس کے تحت مالیاتی خدمات کے محکمہ نے ایک نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے کہا کہ آئی بی پی ایس امتحانات کے دوران اور بھرتی کے عمل میں امیدواروں کی شناخت کی تصدیق کیلئے رضا کارانہ بنیاد پر آدھار کا استعمال کرسکتا ہے۔ وزارتِ فینانس نے کہا کہ اس اقدام سے امتحانات کے دوران بے قاعدگیوں کو روکا جاسکے۔

EFLU

دہلی میں منعقدہ گورنمنٹ اچیومنٹس اینڈ اسکیمس اکسپو 2025ء میں انگلش اینڈ فارن لینگویجس یونیورسٹی ایفلو کو زبان کی تعلیم میں مہارت اور کثیرلسانی ماحول کوفروغ دینے پرایوارڈس سے نوازا گیا۔ ملک بھرے ایک سو سے زائد تعلیمی اداروں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔ ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ یہ ایوارڈ گزشتہ 6دہوں کے دوران زبانوں کی تعلیم، تربیت، تحقیق اورایجادات میں ایفلو کی غیر معمولی خدمات کے اعتراف کے طور پر دیا گیا ہے۔

DAY DRUG ABUSE

سماجی انصاف اِن پاورمنٹ کے مرکزی مملکتی وزیر بی ایل ورمانے کہا ہے کہ ملک بھر میں 14 کروڑ سے زیادہ افرادنشہ مکت بھارت ابھیان میں شامل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مہم میں 4لاکھ سے زائد تعلیمی ادارے حصہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے آج منشیات کے خلاف بین الاقوامی دن کے موقع پر دہلی میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

SOUND BYTE LB VERMA

اس دوران تلنگانہ میں آج کئی پروگراموں کا اہتمام کیا گیا جن میں پولیس، غیرسرکاری تنظیموں اور تعلیمی اداروں نے حصہ لیا۔ عوام خصوصاً طلبہ اورنوجوانوں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے نمائشوں، ریالیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد عمل میں آیا۔

SPACE

بھارت نے آج تاریخ بنادی جبکہ اسپیس ایکس ڈریگن اسپیس کرافٹ جس پر انڈین ایرفورس کے گروپ کیپٹن شوبھانشو شکلا کے بشمول اگزیوم فور کا عملہ سوار ہے، آج شام انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن پہنچ گیا۔ اس کے ساتھ ہی 41سال کے بعد بھارت کے ایک خلانورد خلا میں پہنچ گیا ہے۔ اس تاریخی مشن پر امریکہ، بھارت، پولینڈ اور ہنگری کے 4 خلاباز موجود ہیں۔ یہ خلاباز 14 دن کیلئے سائنسی تحقیق کے مشن پر آئی ایس ایس پہنچے ہیں۔ اس موقع پر شوبھانشو شکلا نے کہا

SOUND BYTE - SHUKLA

اس دوران سائنس وتکنالوجی کے مرکزی وزیرڈاکٹر جتندر سنگھ نے انڈین ایرفورس کے گروپ کیپٹن شوبھانشو شکلا اوراگزیوم فورمشن ٹیم کو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پہنچنے پر مبارکباددی ہے۔

CM DAY

منشیات کے استعمال اوراس کی تجارت کے خلاف بیداری پیدا کرنے کے لئے آج بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں ریاست میں بیداری پیدا کرنے کیلئے مہم چلائی جارہی ہے۔ حیدرآباد کے شلپا کلاویدکا میں آج ایک پروگرام کا انعقادعمل میں آیا۔فلم اداکاروں رام چرن اور وجئے دیورکنڈہ کے ساتھ مل کر چیف منسٹر نے اسٹالس کا معائنہ کیا۔

☆☆☆